[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

| | | |
|---|---|---|
| **Sr. No. of Question Paper** | : | **6151** |
| Unique Paper Code | : | 2145001006 |
| Name of the Paper | : | Study of Urdu Prose-II |
| Name of the Course | : | **GE : Common Prog. Group** |
| Semester | : | II |

**H**

Duration : 3 Hours | Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف چھ سوالوں کے جواب لکھئے۔ نمبر مساوی ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

ا۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ بد ذائقہ کھانا پکانے کا ہنر صرف تعلیم یافتہ بیگمات کو آتا ہے لیکن ہم اعداد و شمار سے ثابت کر سکتے ہیں کہ پیشہ ور خانساماں اس فن میں کسی سے پیچھے نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں ہر شخص یہ سمجھتا ہے کہ اسے ہنسنا اور کھانا آتا ہے۔ اسی وجہ سے پچھلے سو برس سے یہ فن کوئی ترقی نہیں کر سکے۔ ایک دن ہم نے اپنے دوست مرزا عبد الودود بیگ سے شکایتاً کہا کہ اب وہ خانساماں جو ستّر قسم کے پلاو پکا سکتے تھے، من حیث الجماعت رفتہ رفتہ ناپید ہوتے جارہے ہیں۔ جواب میں انھوں نے بالکل الٹی بات کہی۔

کہنے لگے، ”خانساماں وانساماں غائب نہیں ہورہے بلکہ غائب ہورہاہے وہ ستّر قسم کے پلاو کھانے والا طبقہ جو بٹلر اور خانساماں رکھتا تھا اور اڑد کی دال بھی ڈنر جیکٹ پہن کر کھاتا تھا۔ اب اس وضعدار طبقے کے افراد باورچی نوکر رکھنے کے بجائے نکاح ثانی کر لیتے ہیں۔ اس لیے کہ گیا گزرا باورچی بھی روٹی کپڑا اور تنخواہ مانگتا ہے۔ جبکہ منکوحہ فقط روٹی کپڑے پر ہی راضی ہو جاتی ہے۔ بلکہ اکثر و بیشتر کھانے اور پکانے کے برتن بھی ساتھ لاتی ہے۔

P.T.O.

(ب)

اہاہاہا میرا پیارا مہدی آیا۔ آخر بھائی، مزاج تو اچھا ہے۔ بیٹھو، یہ رامپور ہے، دار السرور ہے۔ جو لطف یہاں ہے وہ اور کہاں ہے۔ پانی سبحان اللہ۔ شہر سے تین سو قدم پر ایک دریا ہے اور کوسی اس کا نام ہے۔ بے شبہ چشمہ آب حیات کی کوئی سوت اس میں ملی ہے۔ خیر اگر یوں بھی ہے تو بھائی آب حیات عمر بڑھاتا ہے۔ لیکن اتنا شیریں کہاں ہوگا۔ تمھارا خط پہنچا۔ تردد عبث۔ میرا مکان ڈاک گھر کے قریب اور ڈاک منشی میرا دوست۔ نہ عرف لکھنے کی حاجت نہ محلے کی حاجت۔ بے وسواس خط بھیج دیا کیجئے اور جواب لیا کیجئے۔ یہاں کا حال سب طرح خوب ہے اور صحبت مرغوب ہے۔ اس وقت مہمان ہوں دیکھوں کیا ہوتا ہے۔ تعظیم و توقیر میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں ہے۔ لڑکے دونوں میرے ساتھ آئے ہیں۔ اس وقت اس سے زیادہ نہیں لکھ سکتا۔

۲۔ اردو ادب میں خطوط نگاری کے فن اور روایت پر اظہار خیال کیجئے۔

۳۔ مشتاق احمد یوسفی کی مزاح نگاری پر ایک مضمون لکھئے۔

۴۔ پطرس بخاری کی مضمون نگاری کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

۵۔ خطوطِ غالب کے اسلوب نگارش پر اظہار خیال کیجیے۔

۶۔ اردو میں طنز و مزاح کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ کنہیا لال کپور کی مزاح نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

۸۔ ”مظلوم کی فریاد“ کے فنی پہلوؤں پر تبصرہ کیجیے۔